

جدید اشاعت
تتلی
اردو
۳
کہانی
EAST
MONTESSORI & PRIMARY
CURRICULUM
عالمی معیار، مسلمہ اقدار

# تتلی

اردو سلسلہ سال دوم

میں بھی اب تتلی کے دوستوں میں شامل ہوں۔

میرا نام ________________ ہے۔

میں ________ کلاس میں پڑھتا/پڑھتی ہوں۔



EAST
MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM

بہت ساری، مزے مزے کی نظمیں اور کہانیاں۔

پھر اُن کے ساتھ کرنے کی اچھی سی سرگرمیاں۔ واہ بھئی واہ!

مزہ ہی آجائے گا۔ اچھا پہلے کیا سننا ہے نظم یا کہانی؟ تو ٹھیک ہے

پہلے نظم سن لیتے ہیں۔ کون سی؟ بادل والی؟

وہ تو آپ کو خود پڑھنے میں زیادہ مزہ آئے گا۔ تو پھر حضرت محمد ﷺ والی؟

ہاں ہاں! وہ تو سچی کہانی ہے۔

اچھا تو یہ تو ہوگئی ایک پرانی مگر اسلامی کہانی، اب کوئی اچھی سی نظم پڑھتے ہیں۔

بھئی نظمیں تو ساری ہی مزے کی ہیں اور سرگرمیوں کی تو کیا ہی بات ہے۔

نظم، مضمون اور کہانی لکھنا آجاتا ہے۔ تو پھر سرگرمی کر لیتے ہیں۔

ہاں یہ ٹھیک ہے۔ لیکن ذرا ٹھہریں۔ پہلے ساری کتاب تو ایک نظر دیکھ لیں نا۔

EAST MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM



# فہرست


1. پیارے پیارے تیرے نام 1
2. سب کے ساتھ ساتھ 6
3. سب کا دوست 12
4. لمبی ہوگئی سونڈ 20
5. بادل 26
6. انوکھا جانور 34
7. معافی 42
8. میرا ساتھی، میرا دلبر 48
9. ڈبّا اچھا ہے 54
10. میں نے تو کچھ نہیں کیا! 61
11. شیرو اور میں 70
12. ٹپ ٹپ ٹپ 76


EAST MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM

## باب 4

گوگا گی ہاتھی کا بچہ تھا۔ سوال پوچھنے کا اُسے شوق تھا۔ دو سوال تو وہ بہت پوچھتا، ''ہاتھیوں کی سونڈ چھوٹی کیوں ہے؟'' اور ''مگرمچھ کیا کھاتا ہے؟'' اچھا یہ بات تو ہم نے بتائی نہیں: اُس زمانے میں ہاتھیوں کی سونڈ چھوٹی ہوتی تھی اور یہ کہ تب تک کسی ہاتھی نے مگرمچھ نہ دیکھا تھا۔



# لمبی ہوگئی سونڈ

جانوروں نے گوگا گی کو ڈانٹا،
''لمبی سونڈ کا کیا کرنا ہے؟ تمہیں مگرمچھ سے کیا وہ کچھ بھی کھائے؟''
مگر گوگا گی کو چین کہاں؟

EAST MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM

اب سونڈ لمبی کرنے کا کوئی طریقہ تو تھا نہیں۔ ہاں مگرمچھ کو ڈھونڈا جا سکتا تھا۔

گوگا گی مگرمچھ کو ڈھونڈتا دریا کنارے پہنچا۔ وہاں اُسے ایک لمبا، موٹے دانتوں والا جانور نظر آیا۔ ''آپ مگرمچھ کو جانتے ہیں؟'' گوگا گی نے پوچھا۔ ''جی'' جانور بولا۔ ''مگرمچھ کیا کھاتا ہے؟'' گوگا گی نے پھر پوچھا۔ ''پاس آؤ، بتاتا ہوں،''

جانور نے کہا۔

گوگا گی پاس گیا۔ جانور نے گوگا گی کی ناک پکڑ لی۔ گوگا گی نے کھینچا۔

جانور نے کھینچا۔ دونوں نے اپنی اپنی طرف کھینچا۔ آخر گوگا گی نے ناک چھڑا لی۔

ناک چھٹ تو گئی، لیکن ہو گئی سانپ جتنی لمبی۔ یوں گوگا گی کی ناک بھی لمبی ہو گئی اور یہ بھی پتہ چل گیا کہ مگرمچھ کیا کھاتا ہے۔



تفہیم

**کہانی پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔**

۱) گوگا گی کو کِس بات کا شوق تھا؟

۲) گوگا گی دریا کے کنارے کیوں گیا؟

۳) گوگا گی کی ناک کیسے لمبی ہوگئی؟

۴) دریا کے کنارے ملنے والا جانور کون تھا؟

۵) کیا گوگا گی کو اپنے سوالات کے جوابات مل گئے؟

**دیے گئے الفاظ کو استعمال کرتے ہوئے درج ذیل جملوں کے لیے سوالات بنائیں۔**

سوال ۱۔ ______________________

- گوگا گی ہاتھی کا بچہ تھا۔ (کِس کا)

سوال ۲۔ ______________________

- گوگا گی مگرمچھ کو ڈھونڈتا ہوا دریا کے کنارے پہنچ گیا۔ (کہاں)

سوال ۳۔ ______________________

- مگرمچھ کے دانت موٹے تھے۔ (کیسے)

سوال ۴۔ ______________________

- گوگا گی کی ناک کو مگرمچھ نے پکڑ لیا تھا۔ (کِس نے)

**ذیل میں دیے گئے جملے پڑھیں اور سبق کی ترتیب کے مطابق لکھیں۔**

- ”پاس آؤ، بتاتا ہوں،“ جانور نے کہا۔
- اب سونڈ لمبی کرنے کا کوئی طریقہ تو تھا نہیں۔
- دونوں نے اپنی اپنی طرف کھینچا۔
- اُس زمانے میں ہاتھیوں کی سونڈ چھوٹی ہوتی تھی۔

- ______________________
- ______________________
- ______________________
- ______________________


EAST MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM
عالمی معیار، مسلم اقدار


### اس کہانی کا مرکزی پیغام کیا ہے؟ دُرست جواب کا انتخاب کریں۔

- ( ) شور مچانا اچھی بات نہیں ہے۔
- ( ) لڑنا اچھی بات نہیں ہے۔
- ( ) باہر کی چیزیں کھانا اچھی بات نہیں ہے۔
- ( ) سوالات کرنا اچھی بات ہے۔

### یہ کہانی کس جانور کے بارے میں ہے؟

- ( ) مگرمچھ
- ( ) ہاتھی
- ( ) سانپ
- ( ) بِلّی





### اس کہانی کے آغاز میں کیا ہوتا ہے؟ انتخاب کریں۔

- ( ) گوگا گی کو کھیلنے کا بہت شوق ہوتا ہے۔
- ( ) گوگا گی کو سوال کرنے کا بہت شوق ہوتا ہے۔
- ( ) گوگا گی کو پڑھنے کا بہت شوق ہوتا ہے۔
- ( ) گوگا گی کو کھانے کا بہت شوق ہوتا ہے۔

### اس کہانی کے آخر میں کیا ہوا؟ انتخاب کریں۔

- ( ) گوگا گی کو نئے کھلونے مل گئے۔
- ( ) گوگا گی کو نئے کپڑے مل گئے۔
- ( ) گوگا گی کو اپنے سوالوں کے جواب مل گئے۔
- ( ) گوگا گی کو اپنے سوالوں کے جواب نہیں ملے۔




## تنوین کا تعارف


بعض الفاظ کے آخر میں 'ن' کی آواز بولی جاتی ہے مگر لکھتے ہوئے (ا) لکھا جاتا ہے ( ً ) کو تنوین کہتے ہیں۔

مثلاً — فوراً — تقریباً — عملاً — اندازاً

دیئے گئے الفاظ میں سے دُرست الفاظ پر دائرے لگایئے۔

ایک مثال دی جا رہی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| جبراً (circled) | جبرن | فوراً | فورن |
| اخلاقن | اخلاقاً | تقریباً | تقریبن |
| اندازاً | اندازن | عملن | عملاً |



گرامر

# متضاد

گوگا کی ناک پہلے چھوٹی تھی اور پھر لمبی ہو گئی۔
چھوٹی کی ضد لمبی ہے۔ اسی طرح بہت سے ایسے الفاظ
جن کی ضد ہوتی ہے، متضاد کہلاتے ہیں۔
مثلاً گورا اور کالا۔ دبلا، موٹا وغیرہ۔

دیے گئے الفاظ کے سامنے صحیح متضاد لکھیے۔ امدادی الفاظ کی فہرست سے مدد لیجیے۔ ایک مثال دی جا رہی ہے۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| صاف | گندا |
| اوپر | ______ |
| جواب | ______ |
| صبح | ______ |
| نرم | ______ |

شام — نیچے — سخت — سوال — گندا

EAST MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM
عالمی معیار، مسلم اقدار





دائرے والے الفاظ کے متضاد خالی جگہ میں لکھیے۔

۱۔ میرا بھائی ہمیشہ خوش رہتا ہے کبھی ______ نہیں ہوتا۔





۲۔ کتا بِلّی کے پیچھے ہے
اور بِلّی کتے کے ______۔






۳۔ بس بڑی اور سائیکل ______ ہوتی ہے۔

۴۔ دن کام کے لئے ہے اور ______ آرام کے لئے۔



۵۔ ہوائی جہاز سے دور کا سفر کرتے ہیں
اور کار سے ______ کا۔





تخلیقی لکھائی

## تصویری کہانی

کسی تصویر کو دیکھ کر کہانی لکھی جائے تو اُسے تصویری کہانی کہتے ہیں۔

دی گئی کہانی میں تصویر کے مطابق صحیح الفاظ لکھ کر کہانی مکمل کیجیے۔



چاندنی رات تھی۔ ندا اپنے ______ کے ساتھ میٹھی نیند سو رہی تھی۔ اچانک اُس کے ______ میں تیز روشنی ہوگئی ندا کی آنکھ کُھل گئی۔ اُس کے کمرے میں ______ چمک رہے تھے۔ اُس کی نظر ______ کی طرف گئی تو چندا ماموں بہت قریب نظر آئے۔ وہ کھڑکی کے پاس گئی اور ______ کو دیکھ کر بہت خوش ہوئی۔ اُسے ایسے لگا کہ چندا ماموں اُسے دیکھ کر ______ رہے ہیں۔ وہ تھوڑی دیر چندا ماموں کے پاس کھڑی رہی۔ ٹھنڈی ہوا اور چاند کی روشنی اُسے بہت اچھی لگ رہی تھی، اُسے نیند بھی آ رہی تھی۔ اُس نے چندا ماموں کو خدا حافظ کہا اور اپنے ______ کے ساتھ دوبارہ سو گئی۔

## یہ کتاب مندرجہ ذیل مہارتوں اور صلاحیتوں کا احاطہ کرتی ہے

| نمبر | سبق کے نام | زندگی گزارنے کی مہارتیں | گرامر | تخلیقی لکھائی |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | پیارے پیارے تیرے نام | کردار، خوداعتمادی | ہم آواز الفاظ | حمد |
| ۲ | سب کے ساتھ ساتھ | اجتماعی کام، خوداعتمادی | واحد جمع | تصویری کہانی |
| ۳ | سب کا دوست | اجتماعی کام، باہمی تعاون | سوالیہ الفاظ | مضمون |
| ۴ | لمبی ہوگئی سونڈ | تنقیدی سوچ، مسئلہ حل کرنا | متضاد | تصویری کہانی |
| ۵ | بادل | منصوبہ سازی، اجتماعی کوششیں | اسم صوت | ڈائری |
| ۶ | انوکھا جانور | تنقیدی سوچ | حرفِ جار<br>(کون کہاں ہے) | کہانی |
| ۷ | معافی | کردار، تنقیدی سوچ، ذاتی نظم وضبط | اسم معرفہ، نکرہ | کہانی کا سبق |
| ۸ | میرا ساتھی میرا دلبر | خوداعتمادی | ایک معنی دو الفاظ | نظم |
| ۹ | ڈبا اچھا ہے | مسئلہ حل کرنا،<br>اجتماعی کوششوں میں حصہ لینا | ہر دن ایک کام<br>(ہفتے کے دنوں کے نام) | مضمون |
| ۱۰ | میں نے تو کچھ نہیں کیا! | ذاتی حوصلہ افزائی | صفت | خوشخطی |
| ۱۱ | شیرو اور میں | ذاتی حوصلہ افزائی، انتظام کا احساس | مذکر مؤنث | ڈائری |
| ۱۲ | ٹپ ٹپ ٹپ | رشتوں کا فروغ، رابطہ | فعل | مضمون |

EAST MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM

# اُردو جماعت دوم

## کامن کور اسٹینڈرڈز کے مطابق طلبہ میں مندرجہ ذیل صلاحیتیں پروان چڑھنی چاہئیں۔

| نمبر شمار | اہداف |
|---|---|
| 1 | پڑھنا۔ اُردو تحریر<br>CCSS.ELA-LITERACY.RL.2.2<br>پڑھی ہوئی یا سنی مختلف علاقائی کہانیوں اور قصوں کو بیان کرنا اور اُن کے مرکزی پیغام کو سمجھانا۔<br>CCSS.ELA-LITERACY.RL.2.3<br>کہانی کے کرداروں کا خاص موقعوں اور مشکل حالات میں جو ردِ عمل ہوتا ہے اُسے بیان کرنا۔ |
| 2 | جملوں اور متن کی خاص بناوٹ<br>CCSS.ELA-LITERACY.RL.2.4<br>ایک کہانی یا نظم میں ایک خاص ترتیب میں آنے والے الفاظ اور جملوں کو اور ان سے بننے والی ردھم کو سمجھنا اور بیان کرنا۔<br>CCSS.ELA-LITERACY.RL.2.5<br>کہانی کا خاکہ اس طرح بیان کرنا کہ تعارف، خلاصہ اور اختتام واضح ہوں۔<br>CCSS.ELA-LITERACY.RL.2.6<br>کرداروں کی رائے کا فرق سمجھنا۔ اور اُن کے انداز اور الفاظ سے بات کا اصل مطلب اخذ کرنا اور کہانی کو بلند آواز میں پڑھتے ہوئے اُن کے انداز میں جملوں کو پڑھنا۔ |
| 3 | قابلیت اور اور خیالات کا یکجا ہونا<br>CCSS.ELA-LITERACY.RL.2.7<br>تصاویر اور متن سے حاصل ہونے والی معلومات کو کرداروں اور پس منظر کو سمجھنے کے لیے استعمال کرنا۔ |
| 4 | پیچیدہ تحریر کو پڑھنے کی صلاحیت<br>CCSS.ELA-LITERACY.RI.2.10 / CCSS.ELA-LITERACY.RL.2.10<br>جماعت دوم کے تعلیمی سال کے اختتام پر نثر، نظم اور ہر قسم کی پیچیدہ تحریر کو سمجھ کر پڑھنا۔ |
| 5 | مطالعہ ۔ معلوماتی تحریر: بنیادی خیالات اور تفصیلات<br>CCSS.ELA-LITERACY.RI.2.1<br>تحریر کو سمجھانے کے لئے سوالات کرنا اور جواب دینا مثلاً کب، کہاں، کیوں، کیسے، الفاظ استعمال کرتے ہوئے سوال بنانا۔<br>CCSS.ELA-LITERACY.RI.2.3<br>کسی تحریر میں تاریخی واقعات کے درمیان تعلق اور سائنسی و تکنیکی تصورات کے باہمی تعلق کو سمجھنا۔ |
| 6 | جملوں اور متن کی خاص بناوٹ<br>CCSS.ELA-LITERACY.RI.2.4<br>جماعت دوم کے اسباق کے الفاظ اور جملوں کے معنی سمجھنا۔<br>CCSS.ELA-LITERACY.RI.2.6<br>تحریر کا مقصد اور مصنف کے بنیادی خیال کو واضح کرنا۔ |

EAST MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM
عالمی معیار، مسلم اقدار


| | |
|---|---|
| 7 | معلومات اور خیالات کا یکجا ہونا<br>CCSS.ELA-LITERACY.RI.2.8<br>مصنف کے لکھے ہوئے نکات جو مضمون کو واضح کریں اُن کو بیان کرنا۔ |
| 8 | مطالعہ۔ بنیادی صلاحیتیں<br>CCSS.ELA-LITERACY.RF.2.3<br>جماعت دوم کے معیار کے مطابق الفاظ کی مختلف آوازیں اور معنوں کو سمجھنا اور استعمال کرنا۔<br>CCSS.ELA-LITERACY.RF.2.3.E<br>بولنے میں ایک جیسی آوازوں اور متضاد معنوں والے الفاظ کو سمجھنا۔ |
| 9 | روانی سے پڑھنا<br>/CCSS.ELA-LITERACY.RF.2.4.A / CCSS.ELA-LITERACY.RF.2.4<br>CCSS.ELA-LITERACY.RF.2.4.B<br>روانی اور صحیح تلفظ کے ساتھ اس طرح پڑھنا کہ سمجھنے میں آسانی ہو۔<br>CCSS.ELA-LITERACY.RF.2.4.C<br>سیاق و سباق کی مدد سے الفاظ کو سمجھنے کے لیے دوبارہ پڑھنا اور ان کی صحیح ادائیگی کو یقینی بنانا۔ |
| 10 | لکھنا۔ اقسام اور مقاصد<br>CCSS.ELA-LITERACY.W.2.1<br>تحریر میں رائے کا اظہار کرنا، مقاصد اور کتابوں کے حوالے بیان کرنا۔ تفصیلی اور معلوماتی تحریر لکھنا جس میں موضوع حقائق اور خلاصہ ہو۔ اور لیکن، چونکہ، چنانچہ،<br>اگر اور مگر جیسے الفاظ جملوں کو ملانے کے لیے استعمال کرنا۔ |
| 11 | تحریر کی تیاری اور ترمیم<br>CCSS.ELA-LITERACY.W.2.5<br>تحریر کی اصلاح اور ترمیم کے لئے اساتذہ اور بڑوں سے مدد حاصل کرنا۔ |
| 12 | بولنا اور سننا<br>CCSS.ELA-LITERACY.SL.2.1.C / CCSS.ELA-LITERACY.SL.2.1.B / CCSS.ELA-LITERACY.SL.2.1<br>ساتھی طلبہ اور بڑوں کے ساتھ جماعت دوم کے موضوعات پر باہمی بول چال میں حصہ لینا اور ساتھیوں کے ساتھ تعاون کرنا۔<br>سمجھنا اور تعاون کرنا<br>CCSS.ELA-LITERACY.SL.2.2<br>بنیادی خیالات اور اہم نکات کو با آواز بلند دہرانا یا الیکٹرانک میڈیا کا استعمال کرنا۔ |
| 13 | زبان<br>ذخیرہ الفاظ اور اس کا استعمال<br>CCSS.ELA-LITERACY.L.2.4<br>جماعت دوم کے معیار کے مطابق ایک ہی لفظ کے کئی معانی واضح کرنا۔ اسی طرح مختلف ذو معانی جملوں کو واضح کرنا۔<br>CCSS.ELA-LITERACY.L.2.5.A<br>الفاظ اور عام زندگی میں اُن کے استعمال کو سمجھنا۔ (جیسے درد اور دکھ کا استعمال۔ ''کوئی ڈانٹے تو دکھ ہوتا ہے، اور چوٹ لگنے پر درد ہوتا ہے۔'') |

# زندگی گزارنے کی مہارتیں تتلی سلیبس کا حصّہ ہیں۔




MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM

# تتلی سلیبس میں شامل ۱۲ اصنافِ ادب



# تتلی

## اردو سلسلہ سال دوم

**ہر صفحے پر قوس قزح کے رنگ اور ہر باب میں زبان کی چاشنی لیے تتلی اور دوست**

بچوں کا دل لبھانے اور انھیں زبان کی وسعت دکھانے چلی آئی ہے۔

زیبائش اتنی دلفریب کہ آنکھیں ٹک جائیں۔ سبق اتنے انوکھے کہ پڑھتے ہوئے وقت کو پَر لگ جائیں۔ زبان و بیاں کا یہ حسن سیکھنے کے عمل کو جلا بخشتا ہے۔

یہاں آپ کو زبان دانی کی مشقیں سیاق و سباق میں پروئی ملیں گی۔

ان کے سہارے نونہال گرامر کی سیڑھیاں چڑھتے تخلیقی لکھائی کے دیوانِ خاص میں داخل ہوتے ہیں۔ یہاں پہنچ کر تمام بیساکھیاں گرتی ہیں۔ ایک نئے سفر کا آغاز ہوتا ہے۔

مستقبل کا لکھاری لفظوں کو جوڑ کر تحریر کے مجسمے بنانا شروع کرتا ہے۔

اِس کتاب کے مکمل تعلیمی معاونات کا سیٹ اور اساتذہ کی تربیت کیلئے ہماری ویب سائٹ east.education دیکھیں۔

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل، فوٹو کاپی،
محفوظ یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔

پاکستان میں شائع کی گئی۔

ہیڈ آفس:
B-29، بلاک 3، گلشن اقبال، کراچی۔
021-34990387, +92 335 2030338
http://east.education

کراچی: 021-34970331, +92 334 2343488
لاہور: 042-37111256, +92 312 4685035
اسلام آباد: +92 333 8752228
سیالکوٹ: +92 335 4479245
فیصل آباد: +92 321 6677645
ملتان: +92 334 6126479

EAST
MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM
عالمی معیار، مسلم اقدار